ONE NATION ONE PASSION

PAKISTAN CRICKET BOARD

MEDIA RELEASE

پاکستان شاہینز نے زمبابوے اے کو 8 وکٹوں سے شکست دیدی، مہران ممتاز کی 11 وکٹیں

کوئکوے، 6 مئی 2023:

پاکستان شاہینز نے زمبابوے اے کے خلاف کھیلا گیا پہلا چار روزہ میچ 8 وکٹوں سے جیت لیا۔

پاکستان شاہینز کو جیتنے کے لیے 106 رنز کا ہدف ملا تھا جو اس نے انیسویں اوور میں دو وکٹوں کے نقصان پر حاصل کرلیا۔ کپتان عمران بٹ نے ناقابل شکست نصف سنچری اسکور کی۔

لیفٹ آرم اسپنر مہران ممتاز اس میچ کے ہیرو رہے جنہوں نے دوسری اننگز میں 110 رنز دے کر 6 وکٹیں حاصل کیں۔ انہوں نے پہلی اننگز میں 47 رنز دے کر 5 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا تھا۔ اسطرح انہوں نے میچ میں 157 رنز کے عوض 11 وکٹیں حاصل کیں۔

چار روزہ میچ کے آخری دن میزبان ٹیم نے اپنی دوسری اننگز 157 رنز ایک کھلاڑی آؤٹ پر شروع کی۔

اوپنر جوئے لارڈ گمبی پندرہ چوکوں کی مدد سے 115 رنز بنا کر مہران ممتاز کی گیند پر بولڈ ہوئے۔

زمبابوے اے کی ٹیم اپنے لوئر آرڈر بیٹسمینوں کی ذمہ دارانہ بیٹنگ کے نتیجے میں دوسری اننگز میں 104 اعشاریہ 4 اوورز کی بیٹنگ میں 401 رنز بنانے میں کامیاب ہوگئی۔

برینڈن ماووتا41اور فراز اکرم48رنز بنا کر آؤٹ ہوئے۔ تناکا چیوانگا نے نصف سنچری اسکور کی۔ انہوں نے58رنز بنائے جس میں آٹھ چوکے اور دو چھکے شامل تھے۔

مہران ممتاز کی چھ وکٹوں کے علاوہ محمد علی اور میر حمزہ نے دو دو کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔

پاکستان شاہینز کی دوسری اننگز میں کپتان عمران بٹ اور عمیر یوسف نے پہلی وکٹ کی شراکت میں65رنز کا اضافہ کیا۔

عمیر یوسف دو چوکوں کی مدد سے33رنز بنا کر آؤٹ ہو گئے۔ کامران غلام2رنز بنا پائے جس کے بعد عمران بٹ اور نائب کپتان حسین طلعت نے اپنی ٹیم کو جیت سے ہمکنار کر دیا۔

عمران بٹ54گیندوں پر62رنز بنا کر ناٹ آؤٹ رہے جس میں پانچ چوکے اور ایک چھکا شامل تھا۔ حسین طلعت نے ایک چھکے کی مدد سے11رنز اسکور کیے اور وہ بھی آؤٹ نہیں ہوئے۔

پاکستان شاہینز اور زمبابوے اے کے درمیان دوسرا چار روزہ میچ10مئی سے کھیلا جائے گا۔

میچ کا مختصر اسکور۔

پاکستان شاہینز پہلی اننگز521رنز3کھلاڑی آؤٹ ڈکلیئرڈ۔ عمیر بن یوسف250ناٹ آؤٹ، محمد حریرہ178، حسین طلعت51ناٹ آؤٹ۔

دوسری اننگز۔111رنز2کھلاڑی آؤٹ۔ عمران بٹ62رنز ناٹ آؤٹ۔

زمبابوے اے پہلی اننگز۔225۔ڈیون مائرز56۔مہران ممتاز47/5وکٹ۔

اور دوسری اننگز۔401رنز۔جوئے لارڈ گمبی115۔چیوانگا58ماکونی57۔مہران ممتاز110رنز دے کر6وکٹیں

-ENDS-

Media contact:

Media and Communications Department
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

Commercial Partners

Broadcast & Live Streaming Partners

Pathway Cricket Programme

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4

pcb.com.pk /PakistanCricketBoard /TheRealPCB /TheRealPCB /PakistanCricketOfficial